**23.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے لوک سبھا میں یقین دہانی کرائی ہے کہ مغربی ایشیا، جنگ کے باوجود ملک میں توانائی کی یقینی فراہمی کا کوئی بحران نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت پیٹرول، ڈیزل، تیل، گیس اور کھاد کی بلا رکاوٹ سپلائی کو یقینی بنا رہی ہے۔

☆ وزیر اعظم نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت، صورتحال کے پُرامن حل کے حق میں ہے۔ انھوں نے سبھی فریقوں سے کشیدگی کم کرنے پر زور دیا۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کیلئے ایران کیلئے آخری مدت میں توسیع کا اعلان کیا ہے۔ ایران کے بجلی کے پلانٹ پر پانچ دنوں کیلئے حملے روک دیئے ہیں۔ تہران نے کہا ہے کہ امریکہ فوجی منصوبہ بندی کیلئے وقت لے رہا ہے۔

☆ مرکز نے اہم اور کلیدی معدنیات کے بلاکوں کی نیلامی کے ساتویں مرحلے کا آغاز کیا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ٹی بی کے عالمی دن کے موقع پر ملک سے تپ دِق کے خاتمے کیلئے جامع اقدامات پر زور دیا ہے۔

☆ اور آسام، کیرالم اور پدوچیری اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل مکمل ہوگیا ہے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**LS PM West Asia**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جاری مغربی ایشیا جنگ کے باوجود بھارت میں توانائی کی یقینی فراہمی کے معاملے میں کوئی بحران نہیں ہے۔ جناب مودی خطے میں جنگ اور اِس معاملے میں بھارت کے موقف کے سلسلے میں آج لوک سبھا میں ایک بیان دے رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت مختلف ممالک سے سپلائرس کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور جہاں کہیں بھی ذرائع دستیاب ہیں، تیل اور گیس کی سپلائی کو جاری رکھنے کو یقینی بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

**S/B 1505 PM Modi on Energy Security**

جناب مودی نے کہا کہ اِس مشکل صورتحال میں ملک اور بیرونِ ملک میں بھارتی شہریوں کی سلامتی، حکومت کی اوّلین ترجیح ہے۔سفارتی محاذ پر وزیر اعظم نے اِس بات کا اعادہ کیا کہ بھارت نے جنگ پر مسلسل گہری تشویش ظاہر کی ہے اور سبھی فریقوں سے کشیدگی کو کم کرنے پر زور دیا ہے۔

**S/B 105 PM Modi on West Asia**

## PM Speech Reaction

مرکزی وزیر اور BJP کے سینئر رہنما شیوراج سنگھ چوہان نے وزیر اعظم نریندر مودی کی تعریف کی ہے اور کہا ہے کہ وزیر اعظم نے ملک کی تعمیر کے تئیں غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔ نئی دلّی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ اور وزیر اعظم کے طور پر مودی، 8ہزار 931 دن عہدے پر فائز رہتے ہوئے ملک کے سب سے طویل عرصے تک فرائض انجام دینے والے منتخب سربراہِ حکومت بن گئے ہیں۔ BJP کے رکن پارلیمنٹ راجیو پرتاپ روڈی نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ لوک سبھا میں جناب مودی کے بیان نے یہ واضح کردیا کہ بھارت، مغربی ایشیا کی وجہ سے پیدا ہونے والی کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہے اور وہ آبنائے ہرمز میں کسی بھی رکاوٹ کو قبول نہیں کرے گا۔BJP کے رکن پارلیمنٹ تیجسوی سوریہ نے بھی پارلیمنٹ میں کہا کہ مغربی ایشیا کی بدلتی صورتحال پر جناب مودی کے تفصیلی تبصرے نے ایک بار پھر ملک کو یقین دہانی کرائی ہے اور اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ بھارت کی توانائی کی یقینی فراہمی کا مکمل تحفظ کیا جائے گا۔×

## LS Finance Bill

لوک سبھا میں آج مالیاتی بِل 2026، غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا گیا۔ وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے یہ بِل پیش کیا، جو سال2026-27 کیلئے مرکز کی مالی تجاویز کو نافذ کرتا ہے۔ اِس بِل پر بحث کے آغاز میں، کانگریس کے رکنِ پارلیمنٹ اَمر سنگھ نے بے روزگاری، مہنگائی اور مبینہ Selective ٹیکس مراعات کے تعلق سے تشویش کا اظہار کیا۔ دیگر ارکان نے LPG سپلائی، روپے کی قدر میں گراوٹ، مالیاتی خسارہ اور قرض سمیت مختلف معاملے اُٹھائے۔ کچھ ارکان نے نمو اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی نیز خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے حکومت کی طرف سے کیے گئے اقدامات کی ستائش کی۔ نشی کانت دوبے، Sougata Ray، بسوراج بومائی سمیت مختلف پارٹیوں کے ارکان نے بحث میں حصہ لیا۔ تاہم، بحث بے نتیجہ رہی اور ایوان کی کارروائی کل صبح 11 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔×

## Trump Extends Deadline

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یہ کہتے ہوئے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولے جانے کیلئے ایران کی خاطر اپنی آخری مدت میں پانچ روز کی توسیع کا اعلان کیا ہے، چونکہ بات چیت جاری ہے، امریکہ بجلی کے پلانٹس پر منصوبہ بند حملوں کو روک دے گا۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایرانی عہدیداران کے ساتھ حالیہ بات چیت مفید رہی اور یہ کسی حل

تک پہنچ سکتی ہے، حالانکہ انھوں نے خبردار کیا کہ اِس کی معطلی سفارتی پیشرفت پر منحصر ہے۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے امکانی بات چیت کو مسترد کردیا ہے اور تہران کی وزارتِ خارجہ نے صدر ٹرمپ کی رائے زنی کو خارج کیا ہے اور کہا ہے کہ کوئی براہِ راست بات چیت نہیں ہو رہی ہے۔ اُس نے واشنگٹن پر توانائی کے عالمی بازاروں پر دباؤ کو کم کرنے کی کوشش کا الزام لگایا ہے۔اِس دوران، علاقائی کشیدگی میں بدستور اضافہ ہو رہا ہے، جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوجی کارروائی جاری ہے اور UAE سمیت خلیجی ممالک میں فضائی دفاعی الرٹ جاری کئے جارہے ہیں۔ یہاں سے کئی میزائل اور ڈرون کو بیچ میں ہی روک دینے کی خبریں ہیں۔

مزید تفصیل مغربی ایشیا کے ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Vinod Kumar**

مغربی ایشیا کے تازہ حالات و واقعات میں کشیدگی ختم ہونے کے معمولی امکان کے درمیان، وسیع تر تنازعہ کا خطرہ برقرار ہے۔ امریکہ کی جانب سے حملوں کو ملتوی کرنے کے فیصلے کو کسی حصولیابی سے زیادہ سوچ سمجھے وقفے کا اشارہ سمجھا جارہا ہے اور واشنگٹن اور تہران کے درمیان اختلافات جاری ہیں۔ اسرائیلی افواج، لبنان میں اپنی فوجی کارروائیوں کو وسعت دے رہی ہیں، جبکہ خلیج میں واقع بنیادی ڈھانچے کو لاحق خطرات سے علاقائی تنازعہ کے بھڑک اُٹھنے کا جوکھم بڑھتا جارہا ہے۔ خلیجی ریاستیں، بالخصوص توانائی کے کلیدی نظام پر ڈرون اور میزائل مخالف حملوں کے تعلق سے اب طویل مدتی سلامتی گارنٹیوں کو ترجیح دے رہی ہیں۔

عالمی تیل بازاروں کی جانب سے فوری ردِّ عمل کے درمیان آنے والے دن یہ طے کریں گے کہ کیا سفارتکاری، صورتحال کو مستحکم کرے گی یا پورے مغربی ایشیا میں کشیدگی مزید پھیل جائے گی۔

دُبئی سے وِنود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Daily Brief West Asia

حکومت نے آج اِس بات کی یقین دہانی کرائی ہے کہ سبھی ریفائنریز مکمل صلاحیت پر کام کر رہی ہیں اور گھریلو اور ٹرانسپورٹ مقاصد کیلئے قدرتی گیس کی سو فیصد سپلائی برقرار رکھی جارہی ہے۔

مغربی ایشیا میں جاری تازہ حالات وواقعات سے متعلق بین وزارتی بریفنگ سے نئی دلّی میں خطاب کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے بتایا کہ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو فی الحال پچاس فیصد کمرشل LPG بھیجے جارہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ فراہمی ترجیحی بنیاد پر ریاستوں یا مقامی اداروں کی جانب سے چلائے جارہے ریستوراں، ڈھابوں، ہوٹلوں، صنعتی کینٹین، ڈیریوں اور رعایتی کینٹین جیسے شعبوں کو دی جائے گی۔ اِن میں صنعتی کینٹین، فوڈ پروسیسنگ، مراعاتی کینٹین اور مائیگرینٹ مزدوروں کیلئے 5 کلو والا FTL شامل ہے۔

کالا بازاری اور ذخیرہ اندوزی کے بارے میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے محترمہ شرما نے کہا کہ اب تک تقریباً 37ہزار چھاپے کی کارروائیاں کی گئی ہیں۔ 550ایف آئی آر درج کی گئی ہیں اور 150 گرفتاریاں کی گئی ہیں۔ محترمہ شرما نے مزید کہا کہ تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے ملک بھر میں اچانک معائنے بھی کئے ہیں۔x

## Mines Summit Auction

کوئلے اور کانوں سے متعلق مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کئی ریاستوں میں ماحولیات کیلئے سازگار توانائی، جدید ترین ٹیکنالوجیز، کھادوں اور دفاع سمیت مختلف شعبوں میں 19 بلاکس پیش کرنے کیلئے انتہائی اہم اور اسٹرٹیجک معدنی بلاکس کی نیلامی کی ساتویں قسط کا آغاز کیا۔ انھوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ DMH اقدامات اور معدنیاتی بلاکس کی نیلامی سے کانکنی سے متاثرہ علاقوں میں ترقی ہوگی اور اس سے شمولیاتی ترقی کو فروغ ملے گا۔ نئی دلّی میں نیشنل ڈسٹرکٹ Mineral فاؤنڈیشن DMF سمٹ 2026 میں خطاب کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت معدنیات سے متعلق یقینی فراہمی کو مضبوط بنا رہی ہے اور طے شدہ اقدامات کے ذریعے صنعتی ترقی کو فروغ دے رہی ہے۔انھوں نے کہا کہ اِس دو روزہ سمٹ کا مقصد بین حکومتی تال میل کو بہتر بنانا اور کانکنی سے متاثرہ علاقوں میں DMF فنڈز کے بہتر استعمال کو یقینی بنانا ہے۔x

## PREZ TB Day

تپ دِق کے عالمی دن کے موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ TB، عوامی صحت کے معاملے میں مسلسل ایک بڑا چیلنج ہے، جس سے دنیا بھر میں لاکھوں لوگ متاثر ہیں۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ 24 مارچ کو TB کا عالمی دن منایا جاتا ہے، جس کا مقصد TB کے عالمی چیلنج سے متعلق بیداری میں اضافہ کرنا ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ TB مُکت بھارت ابھیان نے بیماری کا جلد پتہ لگانے، مفت علاج کو یقینی بنانے، غذائی مدد کو مستحکم کرنے اور مریض کی دیکھ بھال کو بہتر بناتے ہوئے نمایاں پیشرفت کی ہے۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ اِس پیشرفت سے TB کے خاتمے سے متعلق قومی پروگرام کی مضبوطی اور مشترکہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ اِس کے علاوہ، صدر جمہوریہ نے سبھی پر TB کو ہمیشہ کیلئے ختم کرنے کی خاطر جامع اقدامات کرنے پر زور دیا۔x

## PM Pryagraj Incident

پریاگ راج میں آج دوپہر Phaphamau میں ایک کولڈ اِسٹوریج کی چھت گرنے کے حادثے میں 4 لوگوں کی موت ہوگئی اور 12 افراد زخمی ہوگئے۔ 17 مزدوروں کو ملبے سے بحفاظت نکالا گیا، اگرچہ اِس بات کا اندیشہ ہے کہ اب بھی کچھ لوگ ملبے میں پھنسے ہوسکتے ہیں۔ قدرتی آفات سے نمٹنے والی قومی اور ریاستی فورس کی ٹیمیں بچاؤ کارروائیوں میں مصروف ہیں اور ملبا ہٹانے کیلئے JCB کا استعمال کیا جارہا ہے۔ ریاستی حکومت کی طرف سے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی سربراہی میں ایک جانچ کمیٹی قائم کی گئی ہے، جو 48 گھنٹے کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس واقع پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم کے قومی فنڈ سے، مرنے والوں کے لواحقین کیلئے 2 لاکھ روپے اور زخمیوں کیلئے 50 ہزار روپے کی امدادی رقم کا اعلان کیا ہے۔وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی فوری راحت اور طبی نگہداشت کے سلسلے میں ہدایات جاری کیں اور ریاستی حکومت کی طرف سے امدادی رقم کا اعلان کیا۔×

**Bhagat Singh**

ملک آج عظیم مجاہدین آزاد بھگت سنگھ، راج گرو اور سُکھ دیو کو اُن کے شہیدی دِوَس پر خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے۔ 1931میں آج ہی کے دن، برطانوی حکمرانوں نے حکومت کے خلاف اُن کی انقلابی سرگرمیوں کے تناظر میں، اُنھیں لاہور میں پھانسی دے دی تھی۔

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی اور دیگر رہنماؤں نے سرکردہ مجاہدین آزادی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا نے بھی بھگت سنگھ، راج گرو اور سُکھ دیو کو خراج عقیدت پیش کیا۔x

**Ram Manohar Lohia**

آج سماجی وسیاسی رہنما اور ممتاز مجاہد آزادی ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کا یومِ پیدائش ہے۔ ڈاکٹر لوہیا 1910میں اترپردیش کے اکبرپور میں پیدا ہوئے۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر سرکردہ رہنما کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے سمودھان سَدن کے مرکزی ہال میں ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کی تصویر پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔x

**Nominations Assembly Polls**

آسام، کیرالم اور پڈوچیری اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔ درخواستیوں کی جانچ کَل کی جائے گی اور امیدوار جمعرات تک اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔ آسام، کیرالم اور پڈوچیری میں 9 اپریل کو واحد مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

ناگالینڈ کی کوری ڈانگ اسمبلی حلقے کے ضمنی انتخاب کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی بھی آج آخری تاریخ تھی۔ اِن سبھی مقامات پر ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔×

**IMD Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں کَل شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں دن کے دوران، گرج چمک کے ساتھ ژالہ باری کا امکان ہے۔IMD نے آندھرا پردیش، مراٹھواڑہ، وسطی مہاراشٹر، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تری پورہ، شمالی اندرونی کرناٹک اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں 26مارچ تک گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ کیرالم، ماہے، کونکن اور گوا میں کَل گرمی اور حبس بھرے موسمی حالات رہیں گے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆